# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 13 August 2026**

**Time : 12:30 / PM**

**Opening**

..................................

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

دوپہر کے 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز ہ اختر۔

..................................

پارلیمنٹ

لوک سبھا کی کاروائی آج غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کی گئی۔آج صبح 11 بجے جب ایوان کی کاروائی شروع ہوئی تو سبھی ارکان نے کھڑے ہو کر وندے ماترم پڑھا جس کے بعد سپیکر اوم برلا نے ایوان کی کاروائی غیر معینہ عرصے تک کیلئے ملتوی کی۔وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے علاوہ کئی دیگر سینئر وزراء بھی موجود تھے۔آخری اطلاعات ملنے تک راجیہ سبھا کی کاروائی جاری تھی۔

ترنگا ریلی

جموں وکشمیر میں ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں شدومد سے جاری ہیں۔

----Music-----

17 اگست تک جاری رہنے والی اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا جارہا ہے جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک کی جدوجہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے۔کل SKICC سرینگر سے لیفٹننٹ گورنر منوج

سنہا کی قیادت میں ایک بڑی ترنگا ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں کافی تعداد میں سکولی بچوں، سرکاری ملازمین، سیکورٹی اہلکاروں اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔اسی طرح کی ترنگا ریلیوں کا انعقاد جموں اور یوٹی کے دیگر اضلاع میں بھی کیا گیا۔

آزادی تقریبات

دریں اثناء جموں وکشمیر میں آنے والی یوم آزادی تقریبات کو شایان شان طریقے پر منانے کیلئے سلامتی سمیت تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔یوٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب بخشی سٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہورہی ہے جہاں مہمان خصوصی قومی پرچم پھیرا کر مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔اسی طرح کی تقاریب جموں اور دیگر ضلع و تحصیل صدر مقامات پر بھی منعقد ہورہی ہیں۔ان تقاریب پر مارچ پاسٹ کے علاوہ سکولی بچوں کی طرف سے رنگا رنگ تمدنی پروگرام پیش کئے جارہے ہیں۔

صوبائی کمشنر

یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں آج بخشی سٹیڈیم سرینگر میں فل ڈریس ریہرسل کا انعقاد کیا گیا۔جس دوران صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے تقریبات کے احسن انعقاد کیلئے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر اپنے خطاب میں صوبائی کمشنر نے کہا۔

**-----V/O----**

ادھر اننت ناگ اور دیگر صدر مقامات پر بھی آج فل ڈریس ریہرسل کا انعقاد کیا جارہا ہے۔جن کے دوران مہمان خصوصی قومی جھنڈا پھیرا کر امارچ پاسٹ پر سلامی لے رہے ہیں۔

**CM**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کٹھوعہ ضلعے کے **Bakhta** علاقے میں موجود تاریخی گوردوارہ چرن کمل صاحب کی جامع ترقی کیلئے **5** کروڑ **15** لاکھ روپے لاگت والے پروجیکٹ کو منظوری دی ہے۔پروجیکٹ کے تحت وہاں ایک نیا لنگر ہال اور **Prayer** ہال تعمیر کرنے کے ساتھ ساتھ شردھالوؤں کیلئے جدید طرز کی سہولیات قائم کی

جاسکیں گی۔سرکار کی طرف سے ایک پریس بیان میں کہا گیاہے کہ اس پہل سے جموں وکشمیر میں **Pilgrimage** کے بنیادی ڈھانچے کوتقویت بخشنے میں مدد ملے گی۔

جے کے کاریگر

حکومت نے بھارتیہ ویاپارمہوتسو کے دوران ’’جے کے کاریگری‘‘ کے نام سے ایک آن لائن مارکیٹ پلیٹ فارم کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد جموں وکشمیر کی مستند دستکاری مصنوعات کو قومی اور عالمی خریداروں تک پہنچانا ہے۔حکومت کے مطابق یہ اقدام جموں وکشمیر کی صدیوں پرانی دستکاری کی وراثت کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔جے کے کاریگری ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت دین دیال انتودیا یوجنا،نیشنل اربن لائیولی ہُڈمشن کے تحت شروع کیا گیاہے۔

**DC** بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے ضلعے کے دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کی عمل کو دوام بخشنے کی غرض سے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان علاقوں میں کوڑا کرکٹ کو بہتر طریقے پر جمع کرنے اور اسے ٹھکانے لگانے کیلئے سائنسی طورطریقوں کو بروئے کارلائیں۔

**DLSA** گاندربل

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی گاندربل کی اطلاع کے مطابق ڈسٹرکٹ کورٹ کمپلیکس اور منصف کورٹ کمپلیکس کنگن میں تیسری قومی لوک عدالت **12** ستمبر کو صبح **10** بجے سے منعقد ہوگی۔**DLSA** گاندربل نے خواہشمند لوگوں سے کہاہے کہ وہ اپنے معاملات افہام وتفہیم کے ذریعے سے حل کرنے کیلئے متعلقہ عدالتوں سے **31** اگست تک رابطہ قائم کریں۔

**Closign**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خداحافظ۔

•••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••••